ذکر......فکر......ہجر

ذکر یاد رکھنے اور یاد کرنے کا نام ہے

فکر سوچنے اور جواب تلاش کرنے کا نام ہے

ھجر تبدیلی لانے اور تبدیل ہو جانے کا نام ہے

یہ تینوں روشیں باہم ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ ہیں

ذکر کی صورت میں انسان زندگی کا راز پالیتا ہے۔ خوب سے خوب تر کا داعیہ اور منزل مقصود کا شعور مل جاتا ہے۔ وہ توانائی اور محرک جو اس راستے پر چلنے کے لیے ضروری ہوتا ہے فراہم ہو جاتا ہے___ بصیرت اور حکمت کی سمت اور بنیادوں کو درست کر لیتا ہے___

فکر کی صورت میں وہ عملی گتھیاں سلجھا لیتا ہے۔ ممکن اور فوری کے قریب ہو جاتا ہے۔ طریقے اور اسلوب کی وضاحت مل جاتی ہے۔ افراد اور ان کی اجتماعیت کو آگے بڑھانے کے لیے تصورات واضح ہو جاتے ہیں۔ ذکر اور عمل کا روپ دینے کی تیاری ہوتی ہے۔

ھجر تبدیلی کا نام ہے جس کی دعوت ذکر دیتا ہے۔ یہ ذکر کی تکمیل ہے۔ فکر کا مطلوب ہے۔ بغیر ہجر کے ذکر محض ایک تکرار ہے اور فکر محض ایک خواب ہے___

ہجر کے ساتھ ذکر اور اندرون قلب کی وسعت عالم دنیا کے اندر تبدیلی کے عمل کو مکمل کر دیتی ہے۔

(بندۂ خدا)